سوال

(58) میت کی طرف سے قربانی کرنا جائز و درست ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع مبین اس مسئلہ میں کہ میت کی طرف سے قربانی کرنا جائز و درست ہے یا نہیں۔؟ بینوا توجروا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

واضح ہو کہ میت کی طرف سے قربانی جائز و درست ہے۔ (مسلم۔ مشکواۃ۔ احمد۔ ابی دائود۔ ترمذی۔)

اور نیز حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعد وفات آپ ﷺ کے آپ ﷺ کی طرف سے قربانی کیا کرتے تھے۔ حسیب وصیت آنحضرت ﷺ کے۔

(سید محمد نزیر حسین) (فتاوی نزیریہ جلد 2 ص 50۔51)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 13 ص 155

محدث فتویٰ